27/06/2025

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سید مبشر رفاعی سے خبریں سُنیے۔

راجناتھ

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے چین کے شہر کنگ داؤ مینمنعقد ہوئی شنگھائی تعاون تنظیم کے وزرائے دفاع کے اجلاس کے حاشیے پرروس ، چین ، بیلاروس ، تاجکستان اور قزاقستان کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ دو طرفہ معاملات پر بات چیت کی ۔

راجناتھ سنگھ نے روس کے وزیر دفاع کے ساتھ علاقائی صورتحال اور بھارت-روس دفاعی مفاہمت کے معاملات پر گفتگو کی ۔ انہوں نے چین کے وزیر دفاع کے ساتھ دفاع کے باہمی معاملات پر تبادلہ خیال کیا اور بیلاروس ، تاجکستان اور قزاقستان کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ دفاع اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں شراکت داری کو فروغ دینے کے امکانات پر بات کی ۔

وجے دیوس

Forever کرگل وجے دوس کی مناسبت سے بھارتی فوج نے25جون کو سیاچن بیس کیمپ سے سائیکل ریلی روانہ کی۔ اس ریلی میں بھارتی فوج کے in operations Mountain Terrain 20تربیت یافتہ اہلکار شرکت کر رہے ہیں، جو لداخ کے دشوار گزار راستوں سے گزر کر 650کلو میٹر کا سفر طے کریں گے۔

یہ ریلی10جولائی کو دراس کرگل وارمیموریل پر اختتام پذیر ہوگی ۔ ریلی کا مقصد1999کی کرگل جنگ میں اپنی جان قربان کرنے والے فوجیوں کو خراج پیش کرنا ہے۔

ستیش شرما

خوراک ، امور صارفین ، ٹرانسپورٹ اور کھیل کود کے وزیرستیش شرما نے حلقے لالچوک کا دورہ کرکے علاقے کے ترقیاتی منظر نامے کا جائزہ لیا۔

انہوں نے متعلقہ محکموں اور افسروں کو پورے حلقے میں خوراک ، شہری رسدات اور ٹرانسپورٹ کی بہتر خدمات کے علاوہ کھیل کود کے بنیادی ڈھانچے کو بڑھانے کی ہدایت دی۔

**اٹل ڈلو**

**چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سرینگرمیں سینٹر فار انوویشن ٹیکنالوجی ایڈاپشن اینڈ گورننس کی با اختیار کمیٹی کی ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ انہوننے سینٹر سے جمونکشمیرمیں انتظامیہ کو چلانے کیلئے جدید ترین ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنے کیلئے کہا۔**

**میٹنگ میں بتایاگیا کہ CIT کے تحت ابھی تک57پروجیکٹوں کو استعمال میں لایا گیا ہے جن میں 17 پروجیکٹ جولائی کے وسط میں مکمل ہونے کی توقع ہے ۔**

**نیا سال**

**اسلامی کلینڈر کے پہلے مہینے محرم الحرام کا آج سے آغاز ہو گیا ہے ۔1447ہجری کے اس بابرکت مہینے کا چاند کل نظر آیا ۔ محرم الحرام کا مہینہ نہایت ہی مقدس اور حرمت والا مہینہ ہے، کہ جس میں تاریخ اسلام کا عظیم واقعہ ، معرکہ کربلا پیش آیا ہے ۔**

**اس مہینے کے دوران مختلف علاقوں خاص طور پر شعیہ آبادی والے علاقوں میں عزا داری کے جلوس اور مرثیہ و نوحہ خوانی کی مجالس آراستہ ہوتی ہیں۔**

**انتظامیہ نے محرم الحرم کے پیش نظر تمام ضروری انتظامات کر رکھے ہیں۔ جموں کشمیر کے مفتی اعظم ، مفتی ناصر الاسلام نے ایام عاشورہ کے موقعے پر عالم اسلام کو مبارکباد دی ہے ۔**

**ادھر بارہمولہ پولیس نے میر گنڈ پولیس تھانے میں شعیہ برادری کے نمائندوں کے ساتھ ایک میٹنگ کرکے ایام محرم کے دوران مذہبی تقریبات کا پر امن انعقاد یقینی بنانے کیلئے مختلف امور کا جائزہ لیا۔**

**بڈگام**

**ڈپٹی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ضلع افسروں کی ایک میٹنگ مینمحرم الحرام کے سلسلے میں کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے محرم کے جلوسوں اور اجتماعات کے سلسلے میں تمام متعلقہ محکمونکو باہمی تال میل کے ساتھ کام کرنے کیلئے کہا۔**

**ڈپٹی کمشنر موصوف نے امام باڑہ ما گام میں بھی ایک عوامی میٹنگ کی صدارت کی ۔**

سرجیت سنگھ

سانبہ کے اسمبلی ممبر سرجیت سنگھ سلاتھیہ نے اسمبلی کمپلیکس سرینگر میں جموں کشمیر اسمبلی کی ضابطہ کمیٹی کی پہلی میٹنگ کی صدارت کی ۔انہوں نے کہاکہ کمیٹی اسمبلی میں اعتباریت کے اعلیٰ معیار بر قرار رکھنے کیلئے پر عزم ہے۔انہوں نے کہاکہ جمہوری اداروں میں اس طرح کے معیارات بنائے رکھنے میں ارکان کا صحیح وطیرہ نہایت ضروری ہے۔

خراج

مانِک شاہ کو ان Samسائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے فیلڈ مارشل کی برسی پر شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیاہے۔

ملاقات

کپواڑہ میر محمد فیاض نے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کرکے ان کے ساتھ MLA عوامی نوعیت کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

کرناہ جاویداحمد مرچال نے سرینگر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات کرکے سادھنا MLA ٹنل کیلئے تین ہزار330 کروڑ روپے کی رقم یقینی بنانے کیلئے ان کا شکریہ ادا کیا ۔

وزیر اعلیٰ نے انہیں یقین دلایاکہ مڑھل اور دیگر دور دراز علاقوں کیلئے بھی اس طرح کے پروجیکٹ منظور کرائے جائیں گے۔

گاندربل یاترا

شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں کئے گئے انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے گاندربل میں نیشنل ڈیزاسٹر منیجمنٹ اتھارٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی۔ جس کی صدارت ضلع کے ڈپٹی کمشنر جتن کشور نے کی ۔لیفٹنٹ جنرل ریٹائرڈ سید عطا حسنین نے میٹنگ میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شرکت کرکے یاتریونکی سلامتی کی اہمیت کو اجا گر کیا۔

ڈپٹی کمشنر نے ضلع انتظامیہ کی جانب سے یاترا کے احسن انعقاد کیلئے کئے گئے انتظامات کا تفصیلی خاکہ پیش کیا۔

کپواڑہ

جل جیون مشن اور ضلع انتظامیہ کپواڑہ کے باہمی اشتراک سے ضلع کے کانفرنس ہال میں” پانی کے معیار اورآبی ذخیروں کو تازہ دم کرنے“کے بارے میں ایک ورکشاپ منعقد کیاگیا ۔

ورکشاپ کی صدارت ڈپٹی کمشنر کپواڑہ آیوشی سُدن اور جل جیون مشن جموں کشمیر کے مشن ڈائریکٹر خورشیداحمد شاہ نے کی۔

بانڈی پورہ

ممبر غلام محی الدین راتھر کے DDC ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری نے ارن کے ہمراہ نو تکمیل شدہ درد پورہ رنگہ دجی شمتھن زُلبل سڑک کا افتتاح کیا۔

چار کروڑ30لاکھ روپے کی لاگت والی اس سڑک سے اس علاقے کیلئے رابطہ سہولت آسان ہو گئی ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

صحت و طبی تعلیم محکمے کے سیکریٹری ڈاکٹر سید عابد رشید شاہ نے کل پہلگام کا دورہ کرکے وہاں سالانہ شری امر ناتھ جی یاتر اکیلئے کئے جا رہے طبی انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوننے ننون بنیادی کیمپ، سب ڈسٹرکٹ اسپتال پہلگام اور چندن واڑی میں سو بستروں پر مشتمل اسپتال میں دستیاب سہولیات کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔ انہوں نے متعلقہ افسرونکو ہدایت دی کہ وہ یاتریوں کیلئے جدید طرز کی طبی سہولیات دستیاب رکھنے میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہ کریں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

**********